رول نمبر	103 - [illegible]	(2015 - 17), (2016 - 18) & (2017 - 19) سیشن	SSC : Part - II
اردو لازمی (انشائیہ)	SSC-A-2019	وقت [illegible] 2 گھنٹے کل نمبر : 60	[illegible]

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی [illegible]

سوال نمبر2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

حصہ نظم

(الف) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے ۔۔۔ محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ب) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ۔۔۔ ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(ج) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام ۔۔۔ اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(د) میاں خضر جی گاڑی لے کے سفر کو چلے ۔۔۔ مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

حصہ غزل

(الف) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا ۔۔۔ آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

(ب) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ۔۔۔ تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(ج) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ۔۔۔ ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے

حصہ دوم

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کریں۔ (10) = 5+5

(الف) امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے ، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی ان کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ میں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں ، جو کوئی کھالے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اُگل دے گا۔

(ب) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں : جوش ایمانی ، حق گوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے کراں محبت و عقیدت۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے میزبان رہے ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو ہر شخص چاہتا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قیام اس کے یہاں ہو ، لیکن کارکنان قضا و قدر نے اس شرف کے لئے جس گھر کو دیکھا وہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا کاشانہ تھا۔

سوال نمبر4 [illegible] سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (10)=2x5

(I) مرزا محمد سعید [illegible]

(II) پرستان کے بچوں کی خاص بات کیا تھی؟

(III) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(IV) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(V) ادا جعفری کے مطابق دل کے کنول اور چاند [illegible]

(VI) ستارۂ انجم کے ظہور کا مفہوم واضح کیجیے۔

(VII) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(VIII) [illegible] سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (الف) نظریہ پاکستان (ب) [illegible] (5)

سوال نمبر6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (الف) قائد اعظم محمد علی جناح (ب) عیدین (ج) [illegible] (15)

سوال نمبر7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے ، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا ، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا۔ پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں ، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

(I) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(II) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(III) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

IV۔ کیا اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

V۔ اس عبارت کا عنوان لکھیے۔